# MILITARY LANDS & CANTONMENTS DEPT
# RAWALPINDI CANTONMENT BOARD

The Mall, Rawalpindi Cantt

Tel:051-9274401-4 Fax No.051-9274407


No.RCB/ /Advertisement/ 46 Dated: 09 /05/2025

To,

**The Director IT,**
PPRA, 1st Floor, FBC Building,
Near State Bank, Sector G-5/2,
Islamabad. (For uploading on PPRA Web Site)

Subject: **PUBLICATION OF ADVERTISEMENT (CORRIGENDUM)** TS560715E

## کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

## (نیلام عام ٹھیکہ برائے وصولی پارکنگ فیس کا شاندار نیلام عام)

## ترامیم وتصحیح

کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی طرف سے نیلام عام ٹھیکہ برائے وصولی پارکنگ فیس کا شاندار نیلام عام کا شائع کردہ اشتہار جو مورخہ 19 اپریل 2025 کو روزنامہ "دنیا"، روزنامہ "اوصاف"، روزنامہ "جناح" اور "THE EXPRESS TRIBUNE" میں اور TS560715E کے تحت PPRA ویب سائٹ پر بھی شائع ہوا ہے اس اشتہار میں شرائط نیلامی کی شرط نمبر 1۔ کو یوں پڑھا جائے۔

"بولی شروع ہونے سے پیشتر ہر بولی دہندہ کو پوٹھوہار پارکنگ نمبر 1 حیدر روڈ نزد میٹرو سٹیشن صدر راولپنڈی کے لیے مبلغ -/15,00,000 (پندرہ لاکھ) روپے اور پوٹھوہار پارکنگ نمبر 2 نزد تہذیب بیکرز حیدر روڈ صدر راولپنڈی کے لیے مبلغ -/15,00,000 (پندرہ لاکھ) روپے کا پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی بطور بیعانہ ہمراہ کارآمد کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی الگ الگ جمع کرانا ہوگا۔ بغیر ادائیگی زرضمانت بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔"

اور مورخہ 19 اپریل 2025 کو شائع کردہ اشتہار حقوق وصولی پارکنگ فیس برائے عرصہ (یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026ء) کا نیلام عام کی بولی کی ترمیم شدہ تاریخ کے مطابق اب مورخہ 19 مئی 2025 کو بوقت 11 بجے دن منعقد کر رہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہو سکی تو اس کی دوبارہ نیلامی مورخہ 20 مئی 2025 کو اور سہ بارہ مورخہ 21 مئی 2025 کو اسی وقت اور مقام پر ہوگی۔

مذکورہ بالا ترامیم کے علاوہ دیگر شرائط وضوابط میں کوئی تبدیلی نہ ہے اس ضمن میں کسی قسم کی زحمت کے سلسلہ میں ادارہ ھذا پیشگی معذرت خواہ ہے۔
نوٹ: مزید معلومات دفتر اوقات کار میں دفتر کینٹ بورڈ سے حاصل جا سکتی ہیں۔

المشتہر
(signed)
کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر
راولپنڈی کینٹ

(signed)
**Cantonment Executive Officer**
**Rawalpindi**

**Copy to:-**

1. Accounts Branch
2. IT Manager
3. Master File
4. CSA,RCB
5. D.B File

# کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

## (نیلام عام ٹھیکہ برائے وصولی پارکنگ فیس کا شاندار نیلام عام)

## ترامیم و تصحیح

کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی کی طرف سے نیلام عام ٹھیکہ برائے وصولی پارکنگ فیس کا شاندار نیلام عام کا شائع کردہ اشتہار جو مورخہ 19 اپریل 2025 کو روزنامہ "دنیا"، روزنامہ "اوصاف"، روزنامہ "جناح" اور "THE EXPRESS TRIBUNE" میں اور TS560715E کے تحت PPRA ویب سائٹ پر بھی شائع ہوا ہے اس اشتہار میں شرائط نیلامی کی شرط نمبر 1۔ کو یوں پڑھا جائے۔

"بولی شروع ہونے سے پیشتر ہر بولی دہندہ کو پوٹھوہار پارکنگ نمبر 1 حیدر روڈ نزد میٹرو سٹیشن صدر راولپنڈی کے لیے مبلغ -/15,00,000 (پندرہ لاکھ) روپے اور پوٹھوہار پارکنگ نمبر 2 نزد تہذیب بیکرز حیدر روڈ صدر راولپنڈی کے لیے مبلغ -/15,00,000 (پندرہ لاکھ) روپے کا پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی بطور بیعانہ ہمراہ کارآمد کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی الگ الگ جمع کرانا ہوگا۔ بغیر ادائیگی زر ضمانت بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔"

اور مورخہ 19 اپریل 2025 کو شائع کردہ اشتہار حقوق وصولی پارکنگ فیس برائے عرصہ (یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026ء) کا نیلام عام کی بولی کی ترمیم شدہ تاریخ کے مطابق اب مورخہ 19 مئی 2025 کو بوقت 11 بجے دن منعقد کر رہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہو سکی تو اس کی دوبارہ نیلامی مورخہ 20 مئی 2025 کو اور سہ بارہ مورخہ 21 مئی 2025 کو اسی وقت اور مقام پر ہوگی۔

متذکرہ بالا ترامیم کے علاوہ دیگر شرائط و ضوابط میں کوئی تبدیلی نہ ہے اس ضمن میں کسی قسم کی زحمت کے سلسلہ میں ادارہ لھذا پیشگی معذرت خواہ ہے۔

نوٹ: مزید معلومات دفتر اوقات کار میں دفتر کینٹ بورڈ سے حاصل جا سکتی ہیں۔

المشتہر

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر
راولپنڈی کینٹ

# کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

## نیلام عام ٹھیکہ برائے وصولی پارکنگ فیس

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی چھاؤنی کی حدود میں واقع درج ذیل پارکنگ ایریا کا ٹھیکہ برائے حقوق وصولی پارکنگ فیس برائے عرصہ (یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026ء) کا نیلام عام مورخہ 12 مئی 2025ء کو بوقت 11 بجے دن منعقد کر رہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہو سکی تو اس کی دوبارہ نیلامی مورخہ 13 مئی 2025ء کو اور سہ بارہ مورخہ 14 مئی 2025ء کو اسی وقت اور مقام پر ہوگی۔

**پارکنگ احاطہ جات کی تفصیل درج ذیل ہے۔**

۱) پوٹھوہار پارکنگ نمبر 1 حیدر روڈ نزد میٹرو سٹیشن صدر راولپنڈی

۲) پوٹھوہار پارکنگ نمبر 2 نزد تہذیب بیکرز حیدر روڈ صدر راولپنڈی

## جدول فیس

| نمبر | کیفیت | شرح فیس |
|---|---|---|
| 1 | کار / گاڑی | 50 روپے (دو گھنٹہ تک) 100 روپے (دو گھنٹے سے زائد 24 گھنٹے تک) |
| 2 | موٹر سائیکل | 20 روپے (دو گھنٹہ تک) 40 روپے (دو گھنٹے سے زائد 24 گھنٹے تک) |

**شرائط:-**

1۔ بولی شروع ہونے سے پیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ -/25,00,000 (پچیس لاکھ) روپے کا پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی بطور بیعانہ ہمراہ کارآمد کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرانا ہوگا۔ بغیر ادائیگی زرضمانت بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

2۔ بولی کی رقم ماہانہ کی بنیاد پر 30-06-2026 تک ہوگی جس کی کل رقم کی ادائیگی مساوی ماہانہ اقساط کی بنیاد پر کی جائے گی۔ حتمی منظوری تابع کنٹونمنٹ بورڈ مجاز اتھارٹی ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر بولی کی کل رقم کا 1/4th حصہ دفتر ہذا میں بطور سیکورٹی موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہوگی اور جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی ضبط تصور ہوگی نیز دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ تاوقت حتمی منظوری نیلام دفتر ہذا میں جمع رہے گی کامیاب بولی دھندہ کی سیکورٹی ٹھیکہ کی مدت کی کامیاب تکمیل پر واپس کی جائے گی جو کہ ماہانہ اقساط میں ہرگز ایڈجسٹ نہ ہوگی۔

4۔ بولی کی منظوری کی اطلاع کے سات یوم کے اندر پہلے ماہ کی قسط جو کہ بولی کی کل رقم کی ماہانہ قسط کی بنیاد پر ہوگی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی جبکہ کامیاب بولی دہندہ کو اپنے خرچہ وخرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی سے E- Stamp پیپر پر ایک تحریری معاہدہ کرنا ہوگا جو کہ سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کرانا لازم ہوگا اور معاہدہ پر دستخط کئے بغیر کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ بصورت دیگر کنٹونمنٹ بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ وہ سیکورٹی کی رقم ضبط کر کے ٹھیکہ دوبارہ نیلام کردے۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی کل رقم کے ماہانہ کی بنیاد پر ایڈوانس پوسٹ ڈیٹڈ (post dated) چیکس جن پر ہر ماہ کی 05 تاریخ درج ہو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں اس ماہ کی 10 تاریخ کے بعد ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور سیکورٹی کی رقم ضبط کر لی جائے گی۔

6۔ انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین / شرح کے تحت ہوگا جو کہ 1/4 کے ساتھ جمع کرانا ہوگا اور گورنمنٹ آف پنجاب فنانس ایکٹ 2018 کے مطابق کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار ٹھیکہ کی کل رقم کے 0.25% کی سٹیمپ ڈیوٹی ادا کرے گا۔

7۔ کینٹ بورڈ یا کسی دیگر سرکاری محکمہ کے نادہندہ اور قانونی مقدمہ بازی میں ملوث افراد / پارٹیاں نیلامی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

8۔ دونوں پارکنگ کمپاؤنڈ کا تمام انتظام وانصرام، سیکورٹی گارڈ / CCTV کیمرہ، E-Tickting سسٹم / الیکٹرونک انٹری بیریئر / یوٹیلیٹی بلز وصفائی ستھرائی ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا دفتر ہذا کسی قسم کی معاونت نہیں کریگا۔

9۔ بولی دہندہ ایریا کی صفائی اور سیکورٹی کا انتظام اپنے طور پر کروانے کا پابند ہوگا۔

10۔ کامیاب بولی دھندہ / ٹھیکیدار ٹریفک کی روانی (DisciplineTraffic) کو یقینی بنانے کا پابند ہوگا۔

11۔ ٹھیکیدار کا عملہ وردی میں ملبوس ہوگا۔ بغیر وردی کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی وردی کا ڈیزائن کینٹ بورڈ سے منظور کرانا لازم ہوگا۔

12- ٹھیکیدار پڑھا لکھا شائستہ سٹاف رکھنے کا پابند ہوگا۔ دنگا فساد کرنے والے عناصر کو ٹھیکیدار اپنا نمائندہ نہیں بنائے گا اور شہریوں کو ہراساں کرنے کی اجازت قطعی نہ ہوگی اور کسی شکایت کی صورت میں متعلقہ سٹاف اور ٹھیکیدار کے خلاف سخت ایکشن لیا جائیگا۔

13- شرح برائے پارکنگ فیس ٹکٹ پر واضح طور پر پرنٹ کی جائیگی۔ ٹکٹ کا ڈیزائن کینٹ بورڈ سے منظور کرانا لازم ہوگا۔ بغیر پرنٹ کے ہاتھ سے لکھی پرچی استعمال نہ کی جائیگی۔

14- ٹھیکیدار شرح برائے پارکنگ فیس کے بورڈ احاطہ کے اندر اور باہر نمایاں طور پر آویزاں کرنے کا پابند ہوگا۔

15- دوران پارکنگ گاڑی یا موٹر سائیکل چوری ہونے کی صورت میں اگر ٹھیکیدار کے عملے کی کوتاہی ثابت ہوئی تو کنٹونمنٹ بورڈ اس صورت میں ٹھیکیدار کو مناسب ہرجانے کی ادائیگی کے لیے فیصلہ کرسکتا ہے جو کہ ٹھیکیدار کو ہر صورت قبول کرنا ہوگا۔

16- منظور کردہ ریٹ سے زائد وصول کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار کو 50,000 روپے فی واقعہ جرمانہ کیا جائیگا۔ 3 مرتبہ جرمانہ ہونے کی صورت میں فائنل وارننگ جاری کی جائیگی اس کے بعد دوبارہ اس قسم کے کسی بھی واقعہ کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کردیا جائے گا۔

17- پارکنگ احاطہ کے اندر یا بیرونی دیواروں کے ساتھ کسی بھی قسم کی تجاوزات از قسم ریڑھی، خوانچہ، ٹھیہ، کھوکھا وغیرہ قائم کرنے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی اور پارکنگ احاطہ صرف اور صرف موٹر سائیکل / گاڑیوں کی پارکنگ کیلئے استعمال ہوگا۔

18- کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر یا ان کا نامزد نمائندہ دورانِ ٹھیکہ کسی بھی وقت پارکنگ احاطہ کا معائنہ کرسکتا ہے جس کیلئے ٹھیکیدار اور اس کا عملہ تعاون کرنے کا پابند ہوگا۔

19- تیر کے نشان والی یا فوجی ڈیوٹی کی پرچی کی حامل فوجی گاڑیاں پارکنگ فیس سے استثنیٰ کی مستحق ہوں گی۔

20- عدم ادائیگی کی صورت میں خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو ٹھیکیدار بورڈ سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنے کا حقدار نہ ہوگا اور مندرجہ بالا جگہوں سے ٹھیکیدار وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا کسی بھی ناگہانی صورتحال میں قسط کی رقم معاف نہیں ہوگی۔

21- اگر ٹھیکیدار دوران ٹھیکہ Default کر جاتا ہے تو ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا اور دوبارہ بولی کم وصول ہونے کی صورت میں نقصان پہلے بولی دینے والے ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوگا۔

22- عدم ادائیگی / نادہندگی کی صورت میں فریق دوئم کو بلیک لسٹ کردیا جائے گا اور معاہدہ کی رقم کی وصولی بذریعہ عدالت کی جائے گی اور جمع شدہ رقم بحق کینٹ فنڈ ضبط کر لی جائے گی اور معاہدہ کی دوبارہ نیلامی ہوگی اور دوبارہ بولی کی رقم فریق دوئم کے ساتھ ہونے والے معاہدہ سے کم آنے کی صورت میں نقصان فریق دوئم کے ذمہ ہوگا۔

23- کنٹونمنٹ بورڈ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ کی منسوخی کا اختیار حاصل ہے ایسی صورت میں بولی دہندہ کی تمام جمع شدہ رقم بشمول سیکیورٹی کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی ضبط کر لی جائے گی۔

24- کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں ذاتی سماعت اور ایک ہفتے کے نوٹس کے بعد معاہدہ ختم کردیا جائے گا۔

25- کسی تنازعہ کی صورت میں معاملہ صدر کینٹ بورڈ کے پاس بطور واحد ثالث حوالہ کیا جائے گا صدر کینٹ بورڈ کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں یا کسی بھی فورم پر چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

26- اس ٹھیکہ کی مدت 30-06-2026 تک ہے extension کسی صورت میں ممکن نہ ہے۔

27- زیردستخطی / کنٹونمنٹ بورڈ کو اختیار حاصل ہے کہ کسی بھی وجہ سے تمام بولیوں کو (قبل از منظوری) بغیر وجہ بیان کرکے مسترد کردے۔

28- گاہے بگاہے جاری ہونے والی حکومتی و محکمانہ ہدایات پر عملدرآمد ضروری ہوگا۔

29- ٹھیکیدار ہر ماہ پارک کی گئی گاڑیوں اور موٹر سائیکل کی تفصیلات دفتر ھذا میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

**نوٹ: مزید معلومات دفتر اوقات کار میں دفتر کینٹ بورڈ سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔**

المشتہر

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر
راولپنڈی کینٹ

# کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

## نیلام عام ٹھیکہ برائے وصولی پارکنگ فیس

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی چھاؤنی کی حدود میں واقع درج ذیل پارکنگ ایریا کا ٹھیکہ برائے حقوق وصولی پارکنگ فیس برائے عرصہ ( یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026ء) کا نیلام عام مورخہ 12 مئی 2025ء کو بوقت 11 بجے دن منعقد کررہا ہے اگر کسی وجہ سے نیلامی مقررہ تاریخ پر نہ ہوسکی تو اس کی دوبارہ نیلامی مورخہ 13 مئی 2025ء کو اور سہ بارہ مورخہ 14 مئی 2025ء کو اسی وقت اور مقام پر ہوگی۔

**پارکنگ احاطہ جات کی تفصیل درج ذیل ہے۔**

۱) پوٹھوہار پارکنگ نمبر 1 حیدر روڈ نزد میٹرو سٹیشن صدر راولپنڈی

۲) پوٹھوہار پارکنگ نمبر 2 نزد تہذیب بیکرز حیدر روڈ صدر راولپنڈی

## جدول فیس

| نمبر | کیفیت | شرح فیس |
|---|---|---|
| 1 | کار / گاڑی | 50 روپے (دو گھنٹہ تک) 100 روپے (دو گھنٹے سے زائد 24 گھنٹے تک) |
| 2 | موٹر سائیکل | 20 روپے (دو گھنٹہ تک) 40 روپے (دو گھنٹے سے زائد 24 گھنٹے تک) |

**شرائط:-**

1۔ بولی شروع ہونے سے پیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ -/25,00,000 (پچیس لاکھ) روپے کا پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی بطور بیعانہ ہمراہ کارآمد کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی کاپی جمع کرانا ہوگا۔ بغیر ادائیگی زرضمانت بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہوگی۔

2۔ بولی کی رقم ماہانہ کی بنیاد پر 30-06-2026 تک ہوگی جس کی کل رقم کی ادائیگی مساوی ماہانہ اقساط کی بنیاد پر کی جائے گی۔ حتمی منظوری تابع کنٹونمنٹ بورڈ مجاز اتھارٹی ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر بولی کی کل رقم کا 1/4th حصہ دفتر ہذا میں بطور سیکیورٹی موقع پر جمع کرانا ہوگا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہوگی اور جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی ضبط تصور ہوگی نیز دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی کال ڈیپازٹ تاوقت حتمی منظوری نیلام دفتر ہذا میں جمع رہے گی کامیاب بولی دھندہ کی سیکورٹی ٹھیکہ کی مدت کی کامیاب تکمیل پر واپس کی جائے گی جو کہ ماہانہ اقساط میں ہرگز ایڈجسٹ نہ ہوگی۔

4۔ بولی کی منظوری کی اطلاع کے سات یوم کے اندر پہلے ماہ کی قسط جو کہ بولی کی کل رقم کی ماہانہ قسط کی بنیاد پر ہوگی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی جبکہ کامیاب بولی دہندہ کو اپنے خرچہ وخرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی سے E- Stamp پیپر پر ایک تحریری معاہدہ کرنا ہوگا جو کہ سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کرانا لازم ہوگا اور معاہدہ پر دستخط کئے بغیر کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ بصورت دیگر کنٹونمنٹ بورڈ کو حق حاصل ہوگا کہ وہ سیکورٹی کی رقم ضبط کر کے ٹھیکہ دوبارہ نیلام کردے۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار کو ٹھیکہ کی کل رقم کے ماہانہ کی بنیاد پر ایڈوانس پوسٹ ڈیٹڈ (post dated) چیکس جن پر ہر ماہ کی 05 تاریخ درج ہو جمع کروانے کا پابند ہوگا۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں اس ماہ کی 10 تاریخ کے بعد ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور سیکورٹی کی رقم ضبط کرلی جائے گی۔

6۔ انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین / شرح کے تحت ہوگا جو کہ 1/4 کے ساتھ جمع کرانا ہوگا اور گورنمنٹ آف پنجاب فنانس ایکٹ 2018 کے مطابق کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکیدار ٹھیکہ کی کل رقم کے 0.25% کی سٹیمپ ڈیوٹی ادا کرے گا۔

7۔ کینٹ بورڈ یا کسی دیگر سرکاری محکمہ کے نادہندہ اور قانونی مقدمہ بازی میں ملوث افراد / پارٹیاں نیلامی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

8۔ دونوں پارکنگ کمپاؤنڈ کا تمام انتظام وانصرام، سیکورٹی گارڈ / CCTV کیمرہ، E-Tickting سسٹم / الیکٹرونک انٹری بیریئر / یوٹیلیٹی بلز وصفائی ستھرائی ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا دفتر ہذا کسی قسم کی معاونت نہیں کریگا۔

9۔ بولی دہندہ ایریا کی صفائی اور سیکورٹی کا انتظام اپنے طور پر کروانے کا پابند ہوگا۔

10۔ کامیاب بولی دھندہ / ٹھیکیدار ٹریفک کی روانی (DisciplineTraffic) کو یقینی بنانے کا پابند ہوگا۔

11۔ ٹھیکیدار کا عملہ وردی میں ملبوس ہوگا۔ بغیر وردی کام کرنے کی اجازت نہ ہوگی وردی کا ڈیزائن کینٹ بورڈ سے منظور کرانا لازم ہوگا۔

12- ٹھیکیدار پڑھا لکھا شائستہ سٹاف رکھنے کا پابند ہوگا۔ دنگا فساد کرنے والے عناصر کو ٹھیکیدار اپنا نمائندہ نہیں بنائے گا اور شہریوں کو ہراساں کرنے کی اجازت قطعی نہ ہوگی اور کسی شکایت کی صورت میں متعلقہ سٹاف اور ٹھیکیدار کے خلاف سخت ایکشن لیا جائیگا۔

13- شرح برائے پارکنگ فیس ٹکٹ پر واضح طور پر پرنٹ کی جائیگی۔ ٹکٹ کا ڈیزائن کینٹ بورڈ سے منظور کرانا لازم ہوگا۔ بغیر پرنٹ کے ہاتھ سے لکھی پرچی استعمال نہ کی جائیگی۔

14- ٹھیکیدار شرح برائے پارکنگ فیس کے بورڈ احاطہ کے اندر اور باہر نمایاں طور پر آویزاں کرنے کا پابند ہوگا۔

15- دوران پارکنگ گاڑی یا موٹر سائیکل چوری ہونے کی صورت میں اگر ٹھیکیدار کے عملے کی کوتاہی ثابت ہوئی تو کنٹونمنٹ بورڈ اس صورت میں ٹھیکیدار کو مناسب ہرجانے کی ادائیگی کے لیے فیصلہ کرسکتا ہے جو کہ ٹھیکیدار کو ہر صورت قبول کرنا ہوگا۔

16- منظور کردہ ریٹ سے زائد وصول کرنے کی صورت میں ٹھیکیدار کو 50,000 روپے فی واقعہ جرمانہ کیا جائیگا۔ 3 مرتبہ جرمانہ ہونے کی صورت میں فائنل وارننگ جاری کی جائیگی اس کے بعد دوبارہ اس قسم کے کسی بھی واقعہ کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کردیا جائے گا۔

17- پارکنگ احاطہ کے اندر یا بیرونی دیواروں کے ساتھ کسی بھی قسم کی تجاوزات از قسم ریڑھی، خوانچہ، ٹھیہ، کھوکھا وغیرہ قائم کرنے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی اور پارکنگ احاطہ صرف اور صرف موٹر سائیکل/ گاڑیوں کی پارکنگ کیلئے استعمال ہوگا۔

18- کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر یا ان کا نامزد نمائندہ دورانِ ٹھیکہ کسی بھی وقت پارکنگ احاطہ کا معائنہ کرسکتا ہے جس کیلئے ٹھیکیدار اور اس کا عملہ تعاون کرنے کا پابند ہوگا۔

19- تیر کے نشان والی یا فوجی ڈیوٹی کی پرچی کی حامل فوجی گاڑیاں پارکنگ فیس سے استثنیٰ کی مستحق ہوں گی۔

20- عدم ادائیگی کی صورت میں خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو ٹھیکیدار بورڈ سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنے کا حقدار نہ ہوگا اور مندرجہ بالا جگہوں سے ٹھیکیدار وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا کسی بھی ناگہانی صورتحال میں قسط کی رقم معاف نہیں ہوگی۔

21- اگر ٹھیکیدار دوران ٹھیکہ Default کر جاتا ہے تو ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا اور دوبارہ بولی کم وصول ہونے کی صورت میں نقصان پہلے بولی دینے والے ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوگا۔

22- عدم ادائیگی/ نادہندگی کی صورت میں فریق دوئم کو بلیک لسٹ کردیا جائے گا اور معاہدہ کی رقم کی وصولی بذریعہ عدالت کی جائے گی اور جمع شدہ رقم بحق کینٹ فنڈ ضبط کر لی جائے گی اور معاہدہ کی دوبارہ نیلامی ہوگی اور دوبارہ بولی کی رقم فریق دوئم کے ساتھ ہونے والے معاہدہ سے کم آنے کی صورت میں نقصان فریق دوئم کے ذمہ ہوگا۔

23- کنٹونمنٹ بورڈ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ کی منسوخی کا اختیار حاصل ہے ایسی صورت میں بولی دہندہ کی تمام جمع شدہ رقم بشمول سیکیورٹی کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی ضبط کرلی جائے گی۔

24- کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں ذاتی سماعت اور ایک ہفتے کے نوٹس کے بعد معاہدہ ختم کردیا جائے گا۔

25- کسی تنازعہ کی صورت میں معاملہ صدر کینٹ بورڈ کے پاس بطور واحد ثالث حوالہ کیا جائے گا صدر کینٹ بورڈ کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں یا کسی بھی فورم پر چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

26- اس ٹھیکہ کی مدت 30-06-2026 تک ہے extension کسی صورت میں ممکن نہ ہے۔

27- زیر دستخطی/ کنٹونمنٹ بورڈ کو اختیار حاصل ہے کہ کسی بھی وجہ سے تمام بولیوں کو (قبل از منظوری) بغیر وجہ بیان کرکے مسترد کردے۔

28- گاہے بگاہے جاری ہونے والی حکومتی و محکمانہ ہدایات پر عملدرآمد ضروری ہوگا۔

29- ٹھیکیدار ہر ماہ پارک کی گئی گاڑیوں اور موٹر سائیکل کی تفصیلات دفتر ھذا میں جمع کرانے کا پابند ہوگا۔

**نوٹ: مزید معلومات دفتر اوقات کار میں دفتر کینٹ بورڈ سے حاصل جاسکتی ہیں۔**

المشتہر

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر
راولپنڈی کینٹ